| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآنِ مجید و حدیث و نبوی ﷺ | سبق کا نام: حفظ و ترجمہ |

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سبق میں دیے گئے کلمات مع ترجمہ یاد کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں دیے گئے کلمات کے فلیش کارڈز بورڈ پر چسپاں کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| اللہ اکبر | استغفر اللہ | جزاك الله خیراً |

طلبہ کو بتائیں آج کے سبق میں وہ ان کلمات کو مع ترجمہ یاد کریں گے۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر ۵ میں دیے گئے کلمے (اللہ اکبر) کا ورد کروائیں۔
- انھیں بتائیں اللہ اکبر کا مطلب ہے: ”اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے“۔
- طلبہ کو واضح کریں کہ اس کائنات کا مالک اور خالق صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے۔ انھیں آگاہ کریں کہ اس کلمے (اللہ اکبر) کا ورد خاص طور پر بلندی پر چڑھتے ہوئے کرنا چاہیے۔
- اب طلبہ کو دوسرا کلمہ ”استغفر اللہ“ مع ترجمہ پڑھائیں اور تین سے پانچ بار دہرائی کروائیں۔ انھیں بتائیں ہم سے جب بھی کوئی غلطی ہو جائے تو یہ کلمہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے معافی مانگ لینی چاہیے۔

- طلبہ سے سوال کریں کہ جب کسی کا شکریہ ادا کرنا ہو تو ہمیں کیا کہنا چاہیے۔ طلبہ سے جزاك الله خیراً کی پڑھائی کرائیں اور بتائیں اس کلمے کو کسی کا شکریہ ادا کرنے کے لیے بولا جاتا ہے۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے تصوّر کا مختصر اًدہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

- طلبہ سے پوچھیں: بلندی پر چڑھتے وقت ہمیں کیا کرنا چاہیے ؟
- جب کسی کا شکریہ ادا کرنا ہو تو کیا کہیں ؟ درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے کلمات زبانی یاد کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کلمات کو چارٹ پر لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون:اسلامیات | جماعت:سوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:1 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: قبلہ و مسجد | باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- ♦ قبلہ کا تعارف (مع قبلہ اوّل) اور اس کی اہمیت جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

طلبہ سے پوچھیں کیا وہ نماز پڑھتے ہیں؟ نماز پڑھتے وقت اپنا رُخ کس جانب کرتے ہیں؟ ان کے جوابات لیں۔ انھیں بتائیں مسلمان جس طرف رُخ کر کے نماز ادا کرتے ہیں، اسے قبلہ کہتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۳۲ سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں مسلمانوں کا قبلہ خانہ کعبہ ہے۔ خانہ کعبہ سعودی عرب کے شہر مکّہ مکرمہ میں واقع ہے۔ ہم مسلمان مغرب کی طرف رُخ کر کے نماز پڑھتے ہیں۔
- طلبہ سے پوچھیں خانہ کعبہ کس نے تعمیر کیا؟ اُن کے جوابات لیں اور دُرست جواب بتانے والے کی حوصلہ افزائی کریں۔ انھیں بتائیں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے اپنے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام کے ساتھ مل کر خانہ کعبہ تعمیر کیا۔
- طلبہ سے قبلہ اوّل کے بارے میں سوال کریں۔ انھیں بتائیں کیا آپ جانتے ہیں کہ مسلمانوں کا پہلا قبلہ بیت المقدس تھا جس کی طرف رُخ کر کے مسلمان نماز پڑھا کرتے تھے پھر اللہ تعالیٰ کے حکم سے خانہ کعبہ مسلمانوں کا قبلہ قرار پایا۔ اس کا ذِکر قرآن مجید میں اس طرح ہے

ترجمہ: اپنے چہرے مسجد حرام کی طرف پھیر لیجئے اور (مسلمانو!) تم جہاں کہیں بھی ہو تو اپنے چہروں کو (نماز کے لیے) اُس (مسجد حرام) کی طرف پھیر لو۔ (سورۃ البقرۃ۔ ۱۴۴)

- انھیں بتائیں خانہ کعبہ کی عزت و احترام ہم سب پر لازم ہے۔ یہ بڑی برکتوں اور رحمتوں والا گھر ہے خانہ کعبہ کی ایک دیوار میں حجرِ اسود نصب ہے جو کہ جنت کا پتھر ہے۔
- متن سے طلبہ کو قبلہ کے آداب کی پڑھائی کروائیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مقدّس | مُ۔ قَد۔ دَس | پاک |
| اتحاد | ات۔ تِ۔ حاد | اتفاق |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مختصر سوال (۱) اور (۲) طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کو حج کی ویڈیو دکھائیں اور خانہ کعبہ سے متعلق مزید معلومات بتائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات | سبق کا نام: قبلہ و مسجد |

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- مسجد کا تعارف اور اہمیت جان سکیں۔
- مسجد کے ادب و احترام کو اپنی عملی زندگی میں شامل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں اور طلبہ سے مسجد کے بارے میں پوچھیں۔ طلبہ کو بتائیں مسجد وہ پاک جگہ ہے جہاں اللہ تعالیٰ کی عبادت کی جاتی ہے۔ انھیں بتائیں دینِ اسلام کی پہلی مسجد، مسجدِ قُبا ہے، جس کی بنیاد نبی کریم خاتم النبیین ﷺ نے قُبا کے مقام پر رکھی۔


**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے صفحہ نمبر ۳۵ تا ۳۶ متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں بتائیں مسجد عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی ہیں ”سجدہ کرنے کی جگہ“۔
- طلبہ کو بتائیں اسلام میں مسجد کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

  ترجمہ: اور یہ کہ مسجدیں اللہ ہی کے لیے ہیں۔ (سورۃ الجن، آیت 18)
- انھیں مسجد کی مذہبی اور معاشرتی اہمیت کے بارے میں بتائیں کہ مساجد مسلمانوں کے لیے اہم مرکز ہیں۔ دینی اعتبار سے مساجد کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ مسجد یہ مسلمانوں کے لیے دینی و اخلاقی تربیت گاہ ہونے کے ساتھ ساتھ باہمی پیار و محبت بڑھانے کا بھی ذریعہ ہیں۔ دن میں تمام مسلمان پانچ وقت ایک ہی

صف میں کھڑے ہوتے ہیں، جس سے مسلمانوں میں برابری اور مساوات کا جذبہ پیدا ہوتا ہے اور ایک دوسرے کی خیریت جاننے کا موقع ملتا ہے۔

- طلبہ کو مسجد کے آداب سے آگاہ کریں۔ تختہ تحریر پر متن میں دیے گئے آداب لکھیں اور طلبہ سے بلند خوانی کرائیں۔




- طلبہ کو مسجد میں داخل ہونے اور باہر نکلتے وقت کی دُعا دُرست تلفّظ مع ترجمہ پڑھائیں اور تین سے پانچ بار مشق کرائیں۔
- مسجد میں داخل ہوتے وقت پہلے دایاں پاؤں اَندر رکھتے ہوئے یہ دُعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْٓ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ (سنن ابن ماجہ:۷۷۲)

ترجمہ: ’’اے اللہ تعالیٰ! میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے‘‘۔

- مسجد سے باہر نکلتے وقت بایاں پاؤں باہر رکھتے ہوئے یہ دُعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ (سنن ابن ماجہ:۷۷۲)

ترجمہ: ’’اے اللہ تعالیٰ! مَیں تُجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہُوں‘‘۔

**اعادہ:** **2منٹ**

مسجد میں داخل ہونے اور نکلنے کی دُعا کی دُہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے مشق جزو(۲)اور(۳) کتاب پر حل کرائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کے درمیان مسجد میں داخل ہونے اور باہر نکلنے کی دعائیں کرنے کا مقابلہ کروایا جائے۔